# میوچل فنڈ رہنمائی کتابچہ

## سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان

## انتباہ

اس کتابچہ میں دی گئی معلومات بغیر کسی پیشگی نوٹس کے تبدیل کی جاسکتی ہیں۔ اگرچہ پوری کوشش کی گئی ہے کہ اس کتابچہ میں دی گئی معلومات درست اور مکمل ہوں تاہم ایس ای سی پی کسی قسم کی غلطی یا بھول چوک نہ ہونے کی ضمانت نہیں دیتا اور نہ ہی اس حوالے سے کمیشن پر کوئی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ کوئی بھی شخص ان معلومات کو کسی دعوے، تقاضے یا کارروائی کے لئے استعمال نہیں کر سکتا۔

## میوچل فنڈز

### میوچل فنڈ کیا ہے؟

میوچل فنڈ سرمایہ کاری کا ایسا طریقہ کار جس میں کئی سرمایہ کار مشترکہ مالی مفاد کے لئے اپنی بچتوں کو اکٹھا کرتے ہیں۔ ایسٹ مینجمنٹ کمپنی(AMC) میوچل فنڈ میں جمع ہونے والی رقم یونٹ ہولڈرز کی جانب سے مختلف اثاثہ کلاس جیسا کہ (میوچل فنڈ کے درجہ کے حساب سے) حصص، بانڈز اور کرنسی مارکیٹ انسٹرومنٹس(instruments) میں سرمایہ کاری کے منتخب مقاصد حاصل کرنے کے لئے استعمال کرتی ہے۔ فنڈ کے ذریعے کی گئی ایسی سرمایہ کاری پر آمدن یا فنڈ کے سرمایے کی قدر میں اضافہ یا کمی ضروری اخراجات کی کٹوتی کے بعد یونٹ ہولڈرز(unitholders) میں ان کے ملکیتی یونٹس کے تناسب سے تقسیم کر دی جاتی ہے۔ میوچل فنڈز میں تمام یونٹس(units) غیر منقسم حصے کی نمائندگی کرتے ہیں اور کل اثاثوں، آمدنی اور منافع منقسمہ (dividend) کی تقسیم میں ان کے حقوق برابری کی بنا پر درجہ بندی میں آتے ہیں۔

### میوچل فنڈ کس طرح قائم کیا جاتا ہے؟

میوچل فنڈ ٹرسٹ(trust) یا انویسٹمنٹ کمپنی(investment company) کی صورت میں قائم کیا جاتا ہے۔ ٹرسٹ ایسٹ مینجمنٹ کمپنی (AMC) کی طرف سے قائم کیا جاتا ہے۔ یونٹ ہولڈرز کے مفاد کے لئے ٹرسٹی(trustee) ٹرسٹ کے اثاثے(property) اپنی ملکیت میں رکھتا ہے۔ جب کہ سرمایہ کاری کمپنی کی صورت میں میوچل فنڈ بحیثیت سرکاری لمیٹڈ کمپنی کے تشکیل دیا جاتا ہے۔ AMC میوچل فنڈ کے معاون کے طور پر سرکاری کمپنی کا انتظام و انصرام چلانے کے لئے بورڈ آف ڈائریکٹرز اور انویسٹمنٹ کمپنی کے تمام اثاثہ جات کی نگرانی کے لئے ایک متولی(custodian) کا تقرر کرتی ہے۔ میوچل فنڈ چاہے ٹرسٹ کے تحت قائم کیا جائے یا انویسٹمنٹ کمپنی سٹرکچر کے طور پر صرف ایس ای سی پی سے لائسنس یافتہ AMC ہی میوچل فنڈ چلانے اور اس کی سرمایہ کاری کا انتظام کرنے کی مجاز ہے۔

### میوچل فنڈز آپ کے لئے پیسے کس طرح کما سکتا ہے؟

میوچل فنڈ میں سرمایہ کاری سے تین طریقوں سے پیسہ کمایا جا سکتا ہے۔

حصہ منقسمہ اور/یا سودی آمدنی کے ذریعے: ایک میوچل فنڈ اپنے پورٹ فولیو(portfolio) کے ملکیتی اثاثوں پر حصہ منقسمہ، سود یا منافع کی شکل میں آمدنی حاصل کر سکتے ہیں۔ میوچل فنڈ کے ذریعے حاصل آمدنی AMC کی طرف سے یونٹ ہولڈرز میں تقسیم کر دی جاتی ہے۔

سرمایہ کی قدر میں اضافہ: میوچل فنڈ کی تحویل میں موجود اثاثوں یا سیکیورٹی(security) کی قیمت ان کے حصول یا ان میں سرمایہ کاری کے بعد بڑھ سکتی ہے۔ جب ایک فنڈ کسی اثاثہ یا سکیورٹی کو اس کی قیمتِ خرید سے زیادہ پر فروخت کرتا ہے تو اسے منافع حاصل ہوتا ہے۔ سال کے آخر میں میوچل فنڈ سرمایہ پر حاصل کردہ منافع (نفع اور نقصان کا مجموعہ) سرمایہ کاروں میں تقسیم کر دیتا ہے۔

اثاثہ کی مجموعی قدر میں اضافہ: اگر فنڈ کے پورٹ فولیو کی مارکیٹ ویلیو، اخراجات اور واجبات کی کٹوتی کے بعد، بڑھ جاتی ہے تو فنڈ کی قیمت(NAV) میں اضافہ ہوتا ہے۔ NAV کی قدر میں اضافہ آپ کے سرمایہ کی قدر میں اضافہ کی عکاسی کرتا ہے۔

**کیا میوچل فنڈ کی کارکردگی کی ضمانت دی جاسکتی ہے؟**

نہیں۔ میوچل فنڈ کی کارکردگی کی ضمانت نہیں دی جاسکتی۔ فنڈ کی تشکیلی دستاویز(constitutive document) میں واضح طور پر بتایا گیا ہے کہ سرمایہ کاری کی قدر میں کمی یا بیشی ہوسکتی ہے۔ فنڈ کے یونٹس کی ضمانت نہ توAMC کی طرف سے دی جاتی ہے حکومت اور نہ ریگولیٹر کی طرف سے۔

بینکوں کے ذریعے میوچل فنڈ کے یونٹس کی تقسیم کی صورت میں کیا میوچل فنڈ بینک ڈیپازٹ کے جیسے ہی ہیں؟

نہیں۔ بینک اپنی شاخوں کے ذریعے میوچل فنڈ کے یونٹس کی تقسیم تو کرسکتے ہیں لیکن یہ یونٹس رسک اور منافع کے لحاظ سے بینک ڈیپازٹ نہیں ہوتے۔

**انڈسٹری سٹیک ہولڈرز کا کردار**

میوچل فنڈز انڈسٹری میں ایس ای سی پی(SECP) کا کردار کیا ہے؟

ملک میں سرمایہ کاروں کے تحفظ، سرمایہ مارکیٹ کی ترقی و فروغ کے مقصد کے تحت میوچل فنڈز انڈسٹری کو ایس ای سی پی ریگولیٹ کرتا ہے۔

**ایس ای سی پی کی منظوری کی وجہ سے کیا میوچل فنڈ میں سرمایہ کاری کو منافع بخش اور محفوظ تصور کیا جاتا ہے؟**

ایس ای سی پی کی منظوری کسی بھی طرح میوچل فنڈ کی حفاظت اور منافع یقینی نہیں بناتی۔ کسی بھی سرمایہ کار کو اپنے مفاد میں اپنی سرمایہ کاری کی ضرورت کے حساب سے میوچل فنڈ میں سرمایہ کاری کرنے کے فوائد و نقصانات کا آزادانہ اور جامع جائزہ لینا چاہیے۔

ایس ای سی پی کے قواعد برائے نان بینکنگ فنانس کمپنیز ۲۰۰۳ ( Non-Banking Finance Companies Rules, 2003)اور ضوابط برائے نان بینکنگ فنانس کمپنیز اینڈ نوٹیفائیڈ انٹیٹیز ریگولیشن ۲۰۰۸
(Non-Banking Finance Companies and Notified Entities Regulations, 2008)جاری کیے ہیں جن میںAMCs کے لئے حدود و قیود کا تعین کیا گیا ہے تا کہ میوچل فنڈ کے انتظام و انصرام کے حوالے سے ان کا مناسب طریق عمل یقینی بنایا جاسکے۔ مزید برآں ریگولیٹری فریم ورک میوچل فنڈ کے حوالے سےAMCs کی جانب سے مناسب تشہیر کا تقاضا کرتا ہے تا کہ سرمایہ کار سرمایہ کاری کے حوالے سے باخبر رہ کے فیصلے کرسکیں۔

**میوچل فنڈ انڈسٹری کن قوانین کے تابع ہے؟**

میوچل فنڈ انڈسٹری کے گورننگ ریگولیٹری فریم ورک میں درج ذیل شامل ہیں۔

1۔ قواعد برائے نان بینکنگ فنانس کمپنیز (قیام اور ضوابط) ۲۰۰۳ (قواعد)

Non-Banking Finance Companies (Establishment and Regulations), Rules, 2003 (the Rules)

2۔ ضوابط برائے نان بینکنگ فنانس کمپنیز اینڈ نوٹیفائیڈ انٹیٹیز ۲۰۰۸ (ضوابط)

Non-Banking Finance Companies and Notified Entities Regulations, 2008 (the (Regulations

3۔ کمپنیز آرڈیننس ۱۹۸۴ (آرڈیننس)The Companies Ordinance 1984 (the Ordinance)اور

4۔ آرڈیننس کی شقوں کے تحت ایس ای سی پی کی طرف سے جاری کردہ سرکلرز اور ہدایات

میوچل فنڈز کے لئے ریگولیٹری فریم ورک آرڈیننس، قواعد وضوابط (بشمول سرکلرز) پر مشتمل اور ہماری ویب سائٹ www.secp.gov.pk سے با آسانی حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

**ایسٹ مینجمنٹ کمپنی (AMC) کیا ہے؟**

ایسٹ مینجمنٹ کمپنی ایسی غیر بینکی مالیاتی کمپنی ہے جو ایس ای سی پی کر طرف سے انتظام اثاثہ جات کی خدمات سرانجام دینے کے لئے لائسنس یافتہ ہے۔ AMC یونٹ ہولڈرز کے فائدے کے لئے میوچل فنڈ کے انتظام کار اور ان فنڈز کے چلانے کی ذمہ دار ہے۔

**میوچل فنڈ کا ٹرسٹی (trustee) کون ہے اور اس کا کردار کیا ہے؟ کیا کسی میوچل فنڈ کا ٹرسٹی اسی فنڈ کی AMC کے ساتھ منسلک کیا ہو سکتا ہے؟**

ٹرسٹی بنیادی طور پر میوچل فنڈ کے اثاثہ جات کے متولی (custodian) کے طور پر کام کرتا ہے۔ وہ اس بات کو یقینی بنانے کا بھی ذمہ دار ہوتا ہے کہ میوچل فنڈ کا انتظام مقررہ ریگولیٹری فریم ورک اور تشکیلی دستاویز کے تحت کیا جا رہا ہے۔ ٹرسٹی میوچل فنڈ کی طرف سے کی جانے والی سرمایہ کاری کے حوالے سے یہ یقینی بناتا ہے کہ یہ ریگولیٹری فریم ورک اور اتشکیلی دستاویز کے مطابق ہے اور کسی بھی خلاف ورزی کی صورت میں مزید کاروائی کے لئے فوراً ایس ای سی پی کو مطلع کرتا ہے۔ ریگولیٹری فریم ورک کے مطابق ٹرسٹی AMC سے خود مختار ہونا چاہئے اور ایک رکھوالے (watchdog) کے طور پر کام کرتا ہے۔

**رجسٹرار کا کردار کیا ہے؟**

میوچل فنڈ کا رجسٹرار ایک فرد یا فرم / کمپنی ہو سکتی ہے۔ AMC بذاتِ خود رجسٹرار کے طور پر کام کر سکتی ہے یا مندرجہ ذیل افعال انجام دینے کے لئے رجسٹرار کا تقرر کر سکتی ہے:

ا۔ یونٹ ہولڈرز کے رجسٹر کو برقرار رکھنا؛

ب۔ یونٹس کے اجرا، انفکاک (redemption)، منتقلی اور ترسیل کی درخواستوں پر کارروائی اور رہن کی تدوین کی درخواست یا یونٹ ہولڈرز کے حوالے سے معلومات / تفصیلات / مواد میں تبدیلی کی کا اندراج؛

ج۔ یونٹ ہولڈرز کو اکاؤنٹ سٹیٹ منٹ اور سرٹیفکیٹس کا اجراء؛

د۔ آمدن منقسمہ کے وارنٹس بھیجنا اور منافع منقسمہ کی دوبارہ سرمایہ کاری پر یونٹ ہولڈرز کو یونٹس الاٹ کرنا؛

ر۔ یونٹس پر قانونی حق / رہن / عہد، منتقلی / ادل بدل اور زکوۃ کا ریکارڈ برقرار رکھنا؛

س۔ یونٹ ہولڈرز کے پتہ اور دوسری تفصیلات میں تبدیلی کا ریکارڈ رکھنا؛

**میوچل فنڈ ایسوسی ایشن آف پاکستان (مفاپ) کیا ہے؟**

MUFAP پاکستان میں میوچل فنڈ انڈسٹری کی تجارتی تنظیم ہے۔اس کے قیام کا مقصد میوچل فنڈ انڈسٹری کی ترقی، شفافیت اور اعلیٰ اخلاقی طرزِ عمل کو یقینی بنانا ہے۔ پاکستان کی مختلف AMCs میں کام کرنے والے پیشہ ور افراد اس کی نمائندگی کرتے ہیں۔

**مصطلحات (اصطلاحات علمیہ)/ تکنیکی اصطلاحات**

**میوچل فنڈز کی مختلف اقسام کون سی ہیں؟**

سرمایہ کاروں کی مختلف ضروریات کو پورا کرنے کے لئے AMCs میوچل فنڈز کی کئی اقسام پیش کرتی ہیں۔ میوچل فنڈز کو مندرجہ ذیل امور کی بنیاد پر الگ الگ کیا جا سکتا ہے:

فنڈ کی ساخت (اوپن اینڈ یا کلوز ڈ اینڈ)؛ اور

سرمایہ کاری کا مقصد

**کلوز ڈ اینڈ فنڈ اور اوپن اینڈ فنڈ میں کیا فرق ہے؟**

ایک کلوز ڈ اینڈ فنڈ انویسٹمنٹ کمپنی یا ٹرسٹ سٹرکچر کے تحت قائم کیا جاتا ہے اور جاری کردہ حصص یا سرٹیفکیٹ کی تعداد مقرر ہوتی ہے۔ کلوز ڈ اینڈ فنڈ کے حصص یا سرٹیفکیٹس کی اسٹاک ایکسچینج میں کسی فہرستی کمپنی کے حصص کی طرح ہی تجارت کی جاتی ہے۔ مختلف عوامل جیسا کہ حصص یا سرٹیفکیٹس کی طلب ورسد میں کمی بیشی ان حصص کی کی وجہ سے ان کی قیمت میں اتار چڑھاؤ ہو سکتا ہے ہوتا ہے جیسا کہ حصص یا سرٹیفکیٹ کی مانگ یا فراہمی میں کمی بیشی، یہ حصص یا سرٹیفکیٹ اپنی مجموعی قیمت (NAV) سے کم پر خرید وفروخت ہوتے ہیں۔ حصول رکنیت کی مدت کے اختتام کے کلوز ڈ اینڈ فنڈ بعد شاذ و نادر ہی نئے حصص جاری کرتے ہیں۔

اوپن اینڈ فنڈ مسلسل نئے یونٹس کا اجرا کرتا رہتا ہے۔ یونٹ ہولڈرز کے مطالبے پر اوپن اینڈ میوچل فنڈ کے ذریعے موجودہ یونٹس بھی انفکاک رہنکئے جا سکتے ہیں۔ چونکہ فنڈ کے سائز کی کوئی حد نہیں ہوتی اس لئے یونٹس کی قیمت میں کمی بیشی ان کی طلب کی وجہ سے نہیں بلکہ بنیادی اثاثہ جات کی قیمت کی وجہ سے ہوتی ہے۔

**سرمایہ کاری کے مقاصد کے لحاظ سے فنڈز کی مختلف اقسام کون سی ہیں؟**

میوچل فنڈ کی سرمایہ کاری مقاصد اور رسک پروفائل (risk profile) کی بنیاد پر درجہ بندی کی جاتی ہے۔اس وقت میوچل فنڈز کی مندرجہ ذیل اقسام ایس ای سی پی کی طرف سے منظور شدہ ہیں:

### ایکویٹی فنڈ(equity fund)

ایکویٹی فنڈ کا بنیادی مقصد فہرستی سرمائے کی قدر میں وسط یا طویل مدتی اضافہ کے لئے لسٹڈ ایکویٹی سیکیورٹیز (listed equity securities) میں سرمایہ کاری کرنا ہے۔ ایکویٹی فنڈ کو درجہ بندی کے حساب سے اپنے اثاثہ جات کا کم از کم ستر فی صد فہرستی ایکویٹی سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کرنا ہوتا ہے۔ ایکویٹی میوچل فنڈ کا باقی حصہ نقد یا قریب نقد انسٹرومنٹ میں سرمایہ کاری کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

### انکم فنڈ(income fund)

انکم فنڈ کا بنیادی مقصد باقاعدہ آمدنی کا سلسلہ پیدا کرنا ہے۔ ایسے فنڈز عام طور پر کرنسی مارکیٹ سیکیورٹیز، ٹرم فنانس سرٹیفکیٹس(TFCs)/ سکوک، کمرشل پیپر اور سپریڈ ٹرانزیکشن(spread transaction) میں سرمایہ کاری کرتے ہیں۔ انکم فنڈ' ایکویٹی فنڈ کے مقابلے میں کم پُرخطر تصور کیا جاتا ہے کیونکہ ایکویٹی مارکیٹوں میں اتار چڑھاؤ سے اس کے متاثر ہونے کا امکان نہیں ہوتا تاہم سرمائے کی قدر میں اضافے کے مواقع نسبتاً محدود ہیں۔ انکم فنڈز لیکویڈیٹی(liquidity) کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے نقد رقم یا قریب نقد انسٹرومنٹ کی شکل میں اثاثہ جات کا کم از کم 25 فی صد رکھنے کے پابند ہیں۔

### متوازن فنڈ(balanced fund)

متوازن فنڈ کا مقصد ایکویٹیز اور فکسڈ انکم سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کے ذریعے سرمایہ میں اضافے کے ساتھ ساتھ باقاعدہ آمدنی حاصل کرنا بھی ہے۔ ریگولیٹری فریم ورک متوازن فنڈ کے لئے ضروری قرار دیتا ہے کہ وہ اپنے 30 تا 70 فی صد اثاثوں کے ذریعے فہرستی ایکویٹی سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کریں۔ باقی فنڈ دوسری منظور شدہ سرمایہ کاری میں لگایا جا سکتا ہے۔ متوازن فنڈ شرح سود میں تبدیلی اور ایکویٹی مارکیٹوں میں اتار چڑھاؤ سے متاثر ہو سکتے ہیں۔ مختص اثاثہ جات(asset allocation) پر منحصر متوازن فنڈ بھی ایکویٹی فنڈز کی طرح اتنے ہی پرخطر ہیں تاہم یہ خالصتاً ایکویٹی فنڈز کے مقابلے میں کم غیر مستحکم تصور کیے جاتے ہیں۔

### منی مارکیٹ فنڈ(money market fund)

منی مارکیٹ فنڈ کا مقصد کم خطرے والے قلیل مدتی انسٹرومنٹس جیسا کہ ٹریژری بلز، سرٹیفکیٹ آف ڈیپازٹ(certificate of deposit)، کمرشل پیپرز اور ریورس ریپو(reverse repo) میں سرمایہ کاری کے ذریعے زیادہ لیکویڈیٹی کو برقرار رکھنا ہے۔ منی مارکیٹ فنڈز کے ذریعے حاصل شدہ منافع میں دوسرے میوچل فنڈز کے مقابلے میں اتار چڑھاؤ کم ہوتا ہے۔

### ایسٹ ایلوکیشن فنڈ(asset allocation fund)

پیشکشی دستاویز میں مختص کی گئی اس شرط کے ساتھ کہ اپنے اثاثہ جات میں کئی اقسام کی سیکیورٹیز اور طریقہائے سرمایہ کاری کے ذریعے تنوع پیدا کرتے ہوئے اس زمرے میں آنے والے فنڈ اپنے اثاثے کسی بھی وقت اور کسی بھی قسم کی سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کی جا سکتی ہے کی مختلف قسم کی سیکیورٹیز اور سرمایہ

کاری طریقوں کے ذریعے سرمایہ کاری کی جاسکتی ہے۔ایسٹ ایلوکیشن فنڈز عام طور پر، کسی ایک وقت میں ایکویٹیز میں مکمل طور پر سرمایہ کاری کی وجہ سے زیادہ خطرے کے فنڈ تصور کیے جاتے ہیں۔

**محفوظ سرمایہ فنڈ(capital protected fund)**

سرمایہ محفوظ فنڈز پیشکشی دستاویز میں واضح کی گئی سرمایہ کاری کی مدت اور دیگر شرائط کے تحت اس طریقے سے سرمایہ کاری کرتے ہیں کہ منافع حاصل کرنے کی صلاحیت کے ساتھ ساتھ اصل زرِ سرمایہ محفوظ رہتا ہے۔یہ فنڈ سرمایہ کا بڑا حصہ کسی بینک کے پاس ٹرم ڈپازٹ(term deposit)کے طور پر رکھتے ہیں جب کہ باقی حصہ پیشکشی دستاویز میں اجازت دی گئی سرمایہ کاری میں لگایا جاتا ہے۔دیگر فنڈز کے برعکس سرمایہ محفوظ فنڈ مقررہ مدت میں تکمیل پاتے ہیں۔

**انڈیکس ٹریکر فنڈ(index tracker fund)**

یہ فنڈ مخصوص انڈیکس کی نقل و حرکت کی تقلید کے لئے بنایا جاتا ہے اور پیشکشی دستاویز تقلید کے حوالے سے غلطی کا امکان بیان کر دیا جاتا ہے۔یہ فنڈ اپنے خالص اثاثہ جات کا کم از کم پچاسی فی صد منتخب کردہ انڈیکس یا اس کے ذیلی سیٹ کی سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کرنے کا پابند ہوتا ہے۔

**فنڈ آف فنڈز فنڈ(fund of funds fund)**

فنڈز کی یہ قسم براہِ راست حصص، بانڈز یا دوسری سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کی بجائے اپنے پورٹ فولیو میں موجود دوسرے میوچل فنڈز میں سرمایہ کاری کی حکمت عملی اپناتا ہے۔تاہم ہر فنڈ آف فنڈز اپنا درجہ رکھتا ہے جیسا کہ ایکویٹی فنڈ آف فنڈز، انکم فنڈ آف فنڈز، وغیرہ

**شرعی تقاضوں سے ہم آہنگ(اسلامی)فنڈ(Shariah compliant fund)**

شرعی تقاضوں سے ہم آہنگ فنڈ اسلامی سرمایہ کاری اصولوں پر عمل کرتے ہیں اس لئے قابل قبول اسلامی سرمایہ کاری مصنوعات خیال کئے جاتے ہیں۔شرعی تقاضوں سے ہم آہنگ فنڈ کو سرمایہ کاری کے مقاصد کے حساب سے اپنی درجہ بندی کرنی پڑھتی ہے مثلاً شرعی تقاضوں سے ہم آہنگ انکم فنڈ یا شرعی تقاضوں سے ہم آہنگ ایکویٹی فنڈ۔

(مندرجہ بالا وضاحت میوچل فنڈز کی مختلف اقسام کے سرمایہ کاری مقاصد کی عمومی تفصیل بیان کرنے کے لئے دی گئی ہے۔تاہم بسا اوقات فنڈ کے سرمایہ کاری پورٹ فولیو کا کچھ حصہ سرمایہ کاری کے مقاصد سے ہم آہنگ نہیں ہوتا اور فنڈ شاید اپنے بیان کردہ سرمایہ کاری مقاصد نہ حاصل کر سکے۔)

**میوچل فنڈز میں سرمایہ کاری کے فوائد اور نقصانات**

**میوچل فنڈز میں سرمایہ کاری کے فوائد اور نقصانات کیا ہیں؟**

سرمایہ کاری کی کئی اقسام میں سے ایک قسم کی حیثیت سے میوچل فنڈ کے ساتھ بھی بعض فوائد اور نقصانات منسلک ہیں۔آیا میوچل فنڈ کی طرف سے پیش کردہ ایک اہم خصوصیت کسی سرمایہ کار کے لئے فائدہ مند ہے یا نہیں ان کے اپنے منفرد حالات پر منحصر ہے جس کیلئے انھیں اندازہ لگانا چاہئے۔

**عموماً میوچل فنڈز مندرجہ ذیل فوائد پیش کرتے ہیں:**

پیشہ ورانہ انتظام: AMC ایسے پیشہ ور فنڈ مینیجر ز کو ملازم رکھتی ہے جو میوچل فند کے لئے سرمایہ کاری کا انتخاب کرنے سے پہلے خاصی تحقیق اور اثاثوں کی کارکردگی کی نگرانی کرتا ہے۔

**تنوع:** سرمایہ کاری کے سائز سے قطع نظر میوچل فنڈ کے ذریعے سرمایہ کاری سے تنوع باآسانی حاصل کی جاسکتی ہے۔ میوچل فنڈ کے اثاثہ جات مختلف کمپنیوں اور صنعتوں میں پھیلادئے جاتے ہیں جس کی وجہ سے کسی ایک کمپنی یا صنعت کی ناقص کارکردگی سے نقصان کا خطرہ کم ہوتا ہے۔

**یہ فنڈ چھوٹے سرمایہ کاروں کی قوتِ خرید میں ہوتا ہے:** میوچل فنڈ بحیثیت ذرائع سرمایہ کاری ایسے چھوٹے سرمایہ کاروں کے لئے بھی دستیاب ہوتا ہے جن کے پاس سرمایہ کاری کے لئے بڑی رقوم نہیں ہوتیں۔

**سیالیت(liquidity):** فی الوقت زیادہ تر فنڈ اوپن اینڈ سٹر کچر کی صورت میں قائم کئے جارہے ہیں جو کہ سرمایہ کاروں کو بروقت اپنا سرمایہ کیش کرانے کا موقع فراہم کرتے ہیں۔

**میوچل فنڈز کی کچھ موروثی خصوصیات کو نقصانات کے طور پر بھی دیکھا جاسکتا ہے:**

**منفی ریٹرن کے باوجود اخراجات:** فنڈ اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرے یا نہ کرے سرمایہ کاروں کو سیلز لوڈ(sales load)، سالانہ مینجمنٹ فیس اور دوسرے اخراجات ادا کرنے پڑتے ہیں۔

**کنٹرول کی کمی:** سرمایہ کار، عام طور پر فنڈ کا پورٹ فولیو اپنی مرضی کے عین مطابق نہیں رکھ سکتے نہ ہی وہ براہ راست اثر انداز ہو سکتے ہیں کہ فنڈ مینیجر کو کون سی سیکیورٹیز خریدنی یا بیچنی چاہئے یا کس وقت سرمایہ کاری کرنی چاہئے۔

**قیمتوں میں غیر یقینی اتار چڑھاؤ:** اکسی فہرستی سٹاک کی قیمتوں کے بارے میں فی الفور (یا تقریباً فی الفور) معلومات عام طور پر مالیاتی ویب سائٹ چیک کرکے یا اپنے بروکر کو فون کرکے حاصل کی جاسکتی ہیں۔ تاہم ایک اوپن اینڈ میوچل فنڈ کی صورت میں یونٹس کی قیمت برائے خرید و فروخت بنیادی طور پر میوچل فنڈ کی نیٹ ایسٹ ویلیو پر منحصر ہے اور فنڈ ہو سکتا ہے کہ آپ کے آرڈر کے کئی گھنٹے بعد بھی قیمت کا تعین اور اشاعت نہ کرسکے۔ اکثر میوچل فنڈ فارورڈ پرائسنگ میکانزم(forward pricing mechanism) پر عمل کرتے ہیں جس کے تحت دن کے اختتام پر نیٹ ایسٹ ویلیو کا تعین کیا جاتا ہے۔

**میوچل فنڈ میں سرمایہ کاری کتنی پرخطر ہے؟**

میوچل فنڈز کے ساتھ کچھ رخطرات بھی جڑے ہوتے ہیں۔ سرمایہ کار میوچل فنڈ میں موجود سیکیورٹیز کی قیمتوں میں منفی رجحان کی وجہ سے سرمایہ کی گئی کچھ یا تمام رقم سے محروم ہو سکتا ہے۔ مارکیٹ کے حالات میں تبدیلی کے باعث منافع کی ادائیگی میں اتار چڑھاؤ ہو سکتا ہے۔ میوچل فنڈ سے منسلکہ رسک اُس کی درجہ بندی کے حساب سے تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔

میوچل فنڈ کی کسی خاص قسم سے منسلکہ خطرات کو سمجھنے کے لئے پیشکشی دستاویز میں باقاعدہ تمام معلومات دی گئی ہوتی ہیں۔ لہذا یہ پرزور سفارش کی جاتی ہے کہ سرمایہ کار سرمایہ کاری سے قبل موروثی خطرات کو سمجھنے کے لئے پیشکشی دستاویز کا بغور مطالعہ کریں۔اس کے علاوہ میوچل فنڈ کی طرف سے سرمایہ کاری کے حصول کے اشتہارات اوراس کی کارکردگی کی تشہیر میں بھی مخصوص خطرات(risk disclaimer) کی نشاندہی کی جاتی ہے۔

**میوچل فنڈ میں کس قسم کے خطرات درپیش ہوتے ہیں؟**

سرمایہ کاری کے مقاصد اور قسم کے حساب سے کوئی بھی میوچل فنڈ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک یا تمام خطرات کے ساتھ مشروط ہو سکتا ہے:

**مارکیٹ رسک:** میوچل فنڈ کے پاس موجود سیکیورٹیز کی قیمتیں اوران سے حاصل ہونے والی آمدن میں بعض واقعات کی وجہ سے کمی آسکتی ہے بشمول ایسے واقعات جن میں کمپنیاں جن کی سیکیورٹیز فنڈ کی زیرِ ملکیت ہیں براہِ راست ملوث ہیں، عمومی اقتصادی اور مارکیٹ کی صورتِ حال، علاقائی یا عالمی اقتصادی عدم استحکام یا کرنسی اور سود کی شرح میں اتار چڑھاؤ۔

**کریڈٹ رسک:** اس بات کا رسک کہ سیکیورٹی کا جاری کنندہ یا کاؤنٹر پارٹی بروقت اور/یا پوری طرح اپنی ذمہ داری ادا کرنے کے قابل نہ ہو جیسا کہ سود کی ادائیگی یا سرمائے کی واپسی یا کوئی دوسری مالی یا قانونی ذمہ داری۔

**شرح سود رسک:** اس بات کا خطرہ کہ سرمایہ کاری کی قدر شرح سود کی مطلق سطح میں تبدیلی سے بدل جائے گی۔ عموماً سرمایہ کاری کی مدت کے دوران شرح سود میں اضافے سے زیرِ ملکیت سیکیورٹیز کی قیمت میں کمی آجاتی ہے۔

**لیکویڈیٹی رسک:** کسی سرمایے کی فروخت پذیری میں کمی کے نتیجے میں اس بات کا خطرہ ہوتا ہے کہ فوری طور خرید وفروخت کے ذریعے نقدی میں قابلِ تبدل نہیں۔ بعض سیکیورٹیز کو اس وقت یا اس قیمت پر بیچنا جس کی میوچل فنڈ کو ضرورت ہے مشکل یا ناممکن ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے میوچل فنڈ کسی سیکیورٹی کو کم قیمت پر فروخت، اپنے پورٹ فولیو میں موجود دوسری سیکیورٹیز کی فروخت یا لیکویڈیٹی کی مجبوری کی وجہ سے سرمایہ کاری کا موقع ضائع کرنے پر مجبور ہو سکتا ہے۔اس سے میوچل فنڈ کی کارکردگی پر منفی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔

حکومتی ضوابط کی وجہ سے درپیش خطرات: حکومت کی پالیسیوں یا قوائد وضوابط میں تبدیلی سے فنڈ کی سرمایہ کاری پر اثر پڑ سکتا ہے جو بالواسطہ یا بلاواسطہ فنڈ کے پورٹ فولیو میں موجود سیکیورٹی یا ادارہ جس نے سیکیورٹی جاری کی ہے کے سٹرکچر پر اثر انداز ہو سکتا ہے۔

## تکنیکی معلومات

**ٹرسٹ ڈیڈ(trust deed) کیا ہے؟**

ٹرسٹ ڈیڈ، AMC اور ٹرسٹی کے درمیان میوچل فنڈ کے قیام اور انتظام کے لئے نافذالعمل اہم ترین دستاویز ہے۔اوپن اینڈ فنڈ اور کلوز ڈ اینڈ فنڈ کی ٹرسٹ ڈیڈ میں جو کم از کم مواد شامل ہونا چاہئے کی تفصیل NBFC & NE Regulations میں بیان کی گئی ہے۔

## پیشکشی دستاویز کیا ہے؟

پیشکشی دستاویز سے مراد عوام کو اس فنڈ میں میسر سر ٹیفکیٹس یا یونٹس کی خریداری کی دعوت دینے کے لئے میوچل فنڈ کے بارے میں معلومات پر مشتمل شائع شدہ دستاویز ہے۔

## میوچل فنڈ کی تشکیلی دستاویزات (consititutive documents) کون سی ہیں؟

تشکیلی دستاویزات سے مراد ٹرسٹ ڈیڈ، پیشکشی دستاویز اور دوسری اہم ترین دستاویزات جو اوپن اینڈ یا کلوز ڈ اینڈ فنڈ کی تشکیل کا انتظام کرتی ہیں بشمول تمام متعلقہ مادی معاہدات۔

## فنڈ کی نیٹ ایسٹ ویلیو (NAV) کیا ہے؟

NAV فنڈ کے اثاثہ جات کی وہ مارکیٹ ویلیو ہوتی ہے جو تاریخ تخمینہ کو واجباتِ جاریہ (قرضہ جات) منہا کر کے واجب الادا یونٹس پر تقسیم کرنے سے حاصل ہوتی ہے۔ میوچل فنڈ کی طرف سے باقاعدہ (روزانہ) بنیاد پر NAV کا اعلان کیا جانا ضروری ہے۔

## پیشکش اور انفکاک قیمتیں کیا ہیں؟

وہ قیمت جو ایک یونٹ ہولڈر سے اوپن اینڈ فنڈ میں سرمایہ کاری کے وقت وصول کی جاتی ہے اسے پیشکشی قیمت (offer price) کہا جاتا ہے۔ اس میں فرنٹ اینڈ لوڈ اگر قابلِ اطلاق ہو اور ساتھ ہی ساتھ کوئی ٹیکس اور چارجز شامل ہو سکتے ہیں۔

انفکاک قیمت (redemption price) وہ قیمت جس پر اوپن اینڈ فنڈ یونٹ ہولڈرز سے اپنے یونٹ واپس لیتا ہے۔ اس میں بیک اینڈ لوڈ/ contingent load (اگر قابلِ اطلاق ہو) اور ساتھ ہی ساتھ ٹیکس اور چارجز شامل ہو سکتے ہیں۔

## NAV اور پیشکشی/انفکاک قیمتوں میں کیا فرق ہے؟

جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے NAV فی یونٹ واجبات منہا کر کے فنڈ کے اثاثہ جات کی مارکیٹ ویلیو ہے۔۔ پیشکشی قیمت فرنٹ اینڈ لوڈ (اگر قابلِ اطلاق ہو) شامل کر کے حاصل ہوتی ہے۔ اسی طرح انفکاک (قیمت NAV سے بیک اینڈ لوڈ منہا کر کے حاصل ہوتی ہے۔ اگر کسی قسم کا لوڈ نہ ہو NAV تو پیشکش اور انفکاک کی قیمتیں ایک جیسی ہوتی ہیں۔

## منافع منقسمہ کیا ہوتا ہے؟

ایک میوچل فنڈ اپنے پاس موجود سیکیورٹیز پر منافع یا سودی آمدن حاصل کر سکتا ہے؛ اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ سرمایہ کاروں کو اصل سرمایہ پر غیر وصول شدہ نفع چھوڑ کر اپنی حسابی آمدن (accounting income) کا نوے فی صد ادا کرے۔ یہ منافع فنڈ کے یونٹس کی قسم کے حساب سے نقد کی شکل میں ہوتا ہے۔ منافع منقسمہ ماہانہ، سہ ماہی یا سالانہ بنیادوں پر تقسیم ہو سکتا ہے۔

**میوچل فنڈ کی طرف سے پیش کردہ "یونٹ کی کلاس" سے کیا مراد ہے؟**

میوچل فنڈ مختلف کلاسز کے یونٹس جاری کرتا ہے جو کہ ایک ہی پول آف سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کرتے ہیں اور اس کے سرمایہ کاری مقاصد اور پالیسیاں ایک جیسی ہوں گی۔ ہر کلاس کے یونٹ کے لئے مختلف یونٹ ہولڈر خدمات اور/یا تقسیم کے انتظامات بدلتے لوڈز کے ساتھ ہوں گے لہٰذا ہر کلاس کی کارکردگی کے نتائج بھی مختلف ہوں گے۔

**فارورڈ(forward)اور بیک ورڈ(backward) قیمتوں میں کیا فرق ہے؟**

میوچل فنڈ کی NAV کا حساب قیمتوں کے فارورڈ(forward) یا بیک ورڈ(backward) تعین کا طریقہ کار استعمال کرتے ہوئے روزانہ کی بنیاد پر کیا جاتا ہے، فارورڈ پرائسنگ اس وقت ہوتی ہے جب میوچل فنڈ کے یونٹس کی پیشکش اور انفکاک کے لئے NAV کا تعین پیشکش اور انفکاک کی درخواست کے دائر ہونے کے بعد حساب کی جانے والی NAV کے بنیاد پر ہو۔ اس کے برعکس بیک ورڈ پرائسنگ میں آخری حساب لگائی جانے والی NAV میوچل فنڈ کے یونٹس کی پیشکش اور انفکاک کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔ ماسوائے منی مارکیٹ فنڈز
تمام فنڈز کے لئے ضروری ہے کہ وہ قیمتوں کے تعین کا فارورڈ طریقہ استعمال کریں۔

**فنڈ مینیجر رپورٹ کیا ہے؟**

AMC کی طرف سے تیار کی جانے والی وہ ماہانہ رپورٹ ہے جس میں میوچل فنڈز کی ساخت اور کارکردگی کے حوالے سے معلومات دی جاتی ہیں۔ فنڈ مینیجر رپورٹ AMC کی ویب سائٹ پر موجود ہوتی ہے۔

**میوچل فنڈز میں کون کون سی فیس اور اخراجات شامل ہوتے ہیں؟**

فیس کی دو بڑی اقسام ہیں: ایک وہ جو سرمایہ کار ادا کرے گا اور دوسری وہ جو فنڈ ادا کرے گا۔

فیس اور اخراجات جو سرمایہ کار ادا کرے گا: اس میں ایک بار ادا کی جانے والی وہ فیسیں شامل ہیں جو سرمایہ کار ایک اوپن اینڈ فنڈ میں سرمایہ کاری/ارتداد سرمایہ کاری کے وقت ادا کرتا ہے۔ ان فیسوں اور اخراجات کی تفصیل میوچل فنڈ کی پیشکشی دستاویزات میں بتادی جاتی ہیں۔ درج ذیل ان میں شامل ہیں:

**فرنٹ اینڈ لوڈ:** یہ لوڈ اوپن اینڈ فنڈ میں سرمایہ کاری کے وقت سرمایہ کار سے وصول کیا جاتا ہے تاہم چند میوچل فنڈ فرنٹ اینڈ لوڈ وصول نہیں کرتے۔

**بیک اینڈ لوڈ:** جب سرمایہ کار میوچل فنڈ سے اپنی سرمایہ کاری کا انفکاک کرتا ہے تو اس وقت یہ لوڈ وصول کیا جاتا ہے۔ تاہم تمام میوچل فنڈ بیک اینڈ لوڈ وصول نہیں کرتے۔

**ہنگامی لوڈ:** کچھ اوپن اینڈ فنڈ انفکاک سرمایہ کاری پر Contingent load وصول کرتے ہیں، تاہم سرمایہ کار اگر زیادہ عرصہ تک اپنا سرمایہ لگائے رکھے تو میوچل فنڈ یہ لوڈ تدریجاً کم کرتے ہیں۔ یہ

فیس اور اخراجات جو فنڈ ادا کرے گا: ان تمام فیسوں اور اخراجات کی تفصیل میوچل فنڈ کی پیشکشی دستاویز میں دے دی جاتی ہے۔ درج ذیل ان میں شامل ہیں:

**مینجمنٹ فیس:** فنڈ کا انتظام چلانے کے لئے AMC یہ فیس وصول کرتی ہے۔ اے ایم سی کو فنڈ کے اثاثوں میں سے ماہانہ بنیادوں پر بقایاجات کی شکل میں ادائیگی کی جائے گی سال بھر کے دوران روزانہ کے حساب کتاب کی بنیاد پر کسی بھی اے ایم سی کو حاصل شدہ معاوضے کے بقایاجات میں سے اوسط سالانہ نیٹ اثاثہ جات کا زیادہ سے زیادہ ۳ فیصد پہلے پانچ سالوں کے دوران جب کہ اس کے بعد فنڈ کے اوسط سالانہ اثاثہ جات سے زیادہ سے زیادہ 2 فی صد کے حساب سے ادائیگی ہو گی۔

**ٹرسٹی فیس:** فنڈ کے اثاثہ جات کی تولیت اور نگرانی کی خدمات کے لئے ٹرسٹی یہ فیس وصول کرتا ہے۔ ٹرسٹی فنڈ اثاثوں میں سے سالانہ اخراجات کی شرح کی بنیاد پر پیشکشی دستاویز میں دیئے گئے نرخ نامہ کے مطابق ماہانہ معاوضہ کا حق دار ہے۔ سالانہ شرح کا فنڈ کے سال بھر میں کل اثاثوں کی اوسط پر اطلاق کیا جاتا ہے جیسا کہ سال کے دوران روزانہ کی بنیاد پر حساب کیا گیا۔

**دوسری فیسیں:** اوپن اینڈ میوچل فنڈ کی تشکیل اور رجسٹریشن کے سلسلے میں اٹھنے والے تمام اخراجات بشمول تشکیلی دستاویزات کی رجسٹریشن اور انجام دہی؛ ایس ای سی پی کو قابل ادائیگی فیس، آڈیٹر کی فیس، ریٹنگ ایجنسیوں کو ادا کی جانے والی فیس، قانونی اخراجات، طباعت کی لاگت، بروکریج اور ٹرانزیکشن کے اخراجات، بینک کے اخراجات، قرض اور سرمایہ کی فراہمی پر اٹھنے والے اخراجات، ہجنگ (hedging) کے اخراجات، ٹیکس، غیر ملک میں کی جانے والی سرمایہ کاری پر اٹھنے والے محصولات اور دوسرے اخراجات، ٹرسٹی کے نام پر اثاثہ جات کی رجسٹریشن کے اخراجات اور سٹاک ایکسچینج پر لسٹنگ کی فیس مگر صرف انہی تک محدود نہیں

**میوچل فنڈ میں سرمایہ کاری سے پہلے مجھے کیا سوچنا چاہئے؟**

میوچل فنڈز سرمایہ کاری مقاصد، حکمتِ عملی، خطرات اور اخراجات کے حساب سے مختلف ہوتے ہیں۔ میوچل فنڈ کا انتخاب کرتے وقت مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھنا چاہیے:

رسک پروفائل

فیسیں اور اخراجات

سرمایہ کاری کے مقاصد

دورانیہ

ٹیکس کی قدر

AMC/فنڈ کی سابقہ کارکردگی

**ایک سرمایہ کار کو پیشکشی دستاویز میں کیا دیکھنا چاہئے؟**

ایس ای سی پی نے پیشکشی دستاویز میں کم از کم ضروری معلومات متعین کر رکھی ہیں۔ سرمایہ کار کو میوچل فنڈ میں سرمایہ کاری سے پہلے پیشکشی دستاویز کو احتیاط سے پڑھنا چاہیے۔ فنڈ کے اہم خدوخال سے متعلقہ حصے، رسک فیکٹرز، ابتدائی پیشکش کے اخراجات، فنڈ پر لاگو ہونے والے جاری اخراجات، دخول اور خروج کی لاگت، سرمایہ کاری کے مقاصد اور رکاوٹیں، اسپانسرز کا ٹریک ریکارڈ، تعلیمی قابلیت اور اہم عہدہ داروں بشمول فنڈ مینیجرز کے کام کے تجربے اور AMC کے لانچ کئے گئے دوسرے فنڈز کی کارکردگی کا بغور مطالعہ کرنا چاہئے۔

**سرمایہ کاری کے لئے تیار**

**میوچل فنڈ میں سرمایہ کاری کیسے کی جاتی ہے؟**

AMCs عام طور پر نئے فنڈز کے اجراء کی تاریخ اور ان فنڈز کے تقسیم کاروں کے بارے میں اخبارات میں اشتہار دیتی ہیں سرمایہ کار درخواست فارم اور پہلے سے موجود میوچل فنڈز کی صورت میں پیشکشی دستاویز کے حصول کے لئے AMCs یا مقررہ تقسیم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ درخواست فارم براہِ راست AMCs یا ان کے نامزد کردہ تقسیم کار کے پاس جمع کرائے جا سکتے ہیں۔ ممکنہ سرمایہ کاروں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ فنڈ کے سرمایہ کاری مقاصد، پالیسیاں اور خطرے کے امکان کو سمجھنے کے لئے تمام تشکیلی دستاویزات کا بغور مطالعہ کریں۔

**کیا غیر رہائشی پاکستانی (NRPs) میوچل فنڈ میں سرمایہ کاری کرنے کے اہل ہیں؟**

جی ہاں، غیر رہائشی پاکستانی بھی میوچل فنڈ میں سرمایہ کاری کر سکتے ہیں۔ اس حوالے سے ضروری تفصیلات فنڈ کی پیشکشی دستاویز میں دی گئی ہوتی ہیں جو براہِ راست AMC سے، اس کی ویب سائٹ کے ذریعے یا اس ملک میں موجود تقسیم کار اگر کوئی ہو سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

**تقسیم کار کی فہرست کیسے حاصل کی جاسکتی ہے؟**

عام طور پر تقسیم کار کی فہرست پیشکشی دستاویز میں دی گئی ہوتی ہے جو سب سرمایہ کاروں مہیا کی جاتی ہے۔ تقسیم کار کے بارے میں اضافی معلومات براہِ راست AMC سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

**کیا سرمایہ کار کو میوچل فنڈ میں سرمایہ کاری کا سرٹیفکیٹ ملتا ہے؟**

سرمایہ کار کو میوچل فنڈ میں سرمایہ کاری کے ثبوت کے طور پر سٹیٹ منٹ آف اکاؤنٹ ملتی ہے۔ یونٹ سرٹیفکیٹ سرمایہ کار کی طرف سے درخواست پر صرف مجوزہ درخواست فارم پر کرنے اور فیس کی ادائیگی پر جاری کیا جاتا ہے۔

## سرمایہ کار کو اکاؤنٹ کی تفصیل کب ملتی ہے؟

AMCs عام طور پر سرمایہ کاروں کو اکاؤنٹ کی تفصیل اس وقت ارسال کرتے ہیں جب کبھی ان کے اکاؤنٹ میں کوئی سرگرمی ہوتی ہے جیسا کہ خرید، انفکاک، منتقلی، رہن، وغیرہ۔ AMCs عموماً ماہانہ، سہ ماہی اور نیم سالانہ اکاؤنٹ سٹیٹمنٹ بھی باقاعدگی سے ارسال کرتی ہیں۔

## میوچل فنڈ کی کارکردگی کا پتہ کیسے چلایا جاسکتا ہے؟

فنڈ کی کارکردگی روزانہ کی بنیاد پر بتائی جانے والی NAV سے ظاہر ہوتی ہے اگرچہ گزشتہ کارکردگی مستقبل میں بھی ایسی کارکردگی کی ضامن نہیں ہوتی تاہم فنڈ کی کارکردگی کا اس کے اپنے طے کردہ معیارات اور ملتے جلتے مقاصد والے دوسرے فنڈ کے ساتھ موازنہ کرنا مفید ثابت ہوتا ہے۔ NAVs میوچل فنڈز کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہیں۔ تمام میوچل فنڈز کے لئے لازم ہے کہ وہ اپنی NAVs مفاپ کی ویب سائٹ (www.mufap.com.pk) پر دیں۔ فی الحال MUFAP کی ویب سائٹ پر تمام میوچل فنڈز کی کارکردگی کا خلاصہ دیا گیا ہے۔ میوچل فنڈ کی ماہانہ کارکردگی کا اندازہ فنڈ مینیجر رپورٹ سے بھی لگایا جاسکتا ہے۔

## میوچل فنڈ کی کارکردگی پر کون سے عوامل اثرانداز ہوتے ہیں؟

میوچل فنڈز کی کارکردگی بنیادی طور پر AMC کی طرف سے کئے جانے والے سرمایہ کاری فیصلوں سے منسلک ہوتی ہے۔ مزید برآں میوچل فنڈ کی کارکردگی ڈیبٹ (debt) اور ایکویٹی مارکیٹ نیز مجموعی معیشت کی کارکردگی سے بھی متاثر ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر ایکویٹی فنڈ سٹاک مارکیٹوں میں نقل و حرکت سے متاثر ہوتے ہیں جبکہ منی مارکیٹ اور انکم فنڈز شرح سود، کریڈٹ کے معیار اور سیالیت سے متاثر ہوتے ہیں۔

## کیا میوچل فنڈ اشتہارات اور دیگر مارکیٹنگ مواد قابل اعتماد ہے؟

یہ بات یقینی بنانے کے لئے کہ کرنے کے لئے کہ معلومات گمراہ کن نہ ہوں AMCs کی طرف سے اخبارات یا ان کی ویب سائٹ پر دیئے جانے والے تمام اشتہارات اور مارکیٹنگ مواد کی ایس ای سی پی جانچ پڑتال اور منظوری دیتا ہے تاہم فنڈ مینیجر رپورٹ کے مندرجات کی ایس ای سی پی منظوری نہیں دیتا۔

## AMC کو اس کی خدمات کا معاوضہ کس طرح دیا جاتا ہے؟

AMC میوچل فنڈ کے اثاثہ جات کی ایک مقررتناسب کی بنیاد پر انتظامی فیس وصول کرتی ہے۔ ایس ای سی پی کی طرف سے AMC ریگولیٹری فریم ورک میں مقرر کردہ جائز فیس وصول کرنے کی حقدار ہوتی ہے۔

## میوچل فنڈ کے یونٹ ہولڈر کے طور پر میرے کیا حقوق ہیں؟

میوچل فنڈ کے یونٹ ہولڈر کے طور پر آپ مندرجہ ذیل کے مستحق ہیں:

اکاؤنٹ کی میعادی تفصیلات کی وصولی

پیشکشی دستاویز میں دیئے گئے میوچل فنڈ کے ڈاکومنٹس کا معائنہ

تشکیلی دستاویزات کی وصولی

یہ بتاناضروری ہے کہ میوچل فنڈ کے یونٹ ہولڈرز ووٹنگ کے حقوق کے حامل نہیں ہیں۔

**کیا میوچل فنڈ کی آمدنی قابل ٹیکس ہوتی ہے؟**

پاکستان کے انکم ٹیکس کے قوانین کے تحت فنڈ کو ٹیکس مقاصد کے لئے ایک پبلک کمپنی تسلیم کی جاتی ہے۔ میوچل فنڈ کی آمدنی ٹیکس سے مستثنٰی ہے اگر سال کی اکاؤنٹنگ آمدنی کا کم از کم نوے فی صد یونٹ ہولڈرز کے درمیان منافع کی شکل میں تقسیم کیاجاتاہے۔ نوے فی صد آمدنی سرمایے میں اضافہ capital gains چھوڑ کر شمار کیاجاتاہے۔

سرمایہ کاروں کی طرف سے وصول کئے جانے والے نقد منافع پر ودہولڈنگ ٹیکس لاگو ہوتا ہے۔ مزید یہ کہ انفکاک پر کوئی کیپیٹل گین ٹیکس لاگو نہیں ہوتا اگر میوچل فنڈ میں سرمایہ کو چار سال کے لئے رہنے دیا جائے۔

ٹیکس کے حوالے سے مندرجہ بالا معلومات موجودہ ٹیکس نظام کی بنیاد پر ہیں، ٹیکس معاملات پر مخصوص مشورہ کے لئے سرمایہ کار میوچل فنڈ میں سرمایہ کاری سے پہلے ٹیکس مشیر سے رابطہ کریں۔

**اگر میوچل فنڈ ختم ہوجائے تو سرمایے کی رقم کا کیا بنتاہے؟**

فنڈ کے اختتام کی صورت میں اثاثہ جات فنڈ میں کی گئی سرمایہ کاری کے تناسب سے یونٹ ہولڈرز میں تقسیم کردیئے جاتے ہیں۔

**سرمایہ کاروں کی شکایات کی دادرسی کیسے ہوسکتی ہے؟**

میوچل فنڈ کے اثاثہ جات فنڈ کے ٹرسٹی کے نام پر ہوتے ہیں۔ ٹرسٹی اور AMC کے ڈائریکٹرز کے نام پیشکشی دستاویز میں فراہم کردئے جاتے ہیں۔ سرمایہ کاروں کو میوچل فنڈ سے متعلقہ شکایات کے لئے AMC سے رجوع کرناچاہئے۔ ایس ای سی پی نے اپنی ویب سائٹ پر شکایات کا پورٹل بنایاہے جہاں یونٹ ہولڈرز اپنی شکایات درج کرواسکتے ہیں۔

http://www.secp.gov.pk/Guides/Nov2010/MutualFunds.pdf